اور غیر ملکی طرز کے ملکی) ختم کیوں نہیں ہوتے ! چند سال میں پوری قوم (بچوں اور بالغوں) کو خواندہ بنانے کی مہم کیوں نہیں چلتی ؟

لکھنے والوں کی فہرست خاصی طویل ہے ، یہاں پیش کرنا مشکل ہے ۔ البتہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ سب حضرات نمایاں شخصیتیں ہیں اور بعض موضوع کے لحاظ سے بہت اہم ۔ ہو سکتا ہے کہ اکادکا افراد لکھنے لکھانے کی بڑائی یا نام کی وسیع شہرت کی وجہ سے بھی لیے گئے ہوں ، مگر مجموعی طور پر انتخاب اچھا ہے ۔

پنجاب کی آواز تالیف : سید اسعد گیلانی ایم اے ۔ ناشر : نامعلوم ۔ قیمت درج نہیں ۔

خدا کی خاص مدد ہے کہ اسعد گیلانی صاحب قسم قسم کے موضوعات پر بڑی زود نویسی سے اظہارِ خیال کرتے ہیں اور پھر ان کی ہر کتاب کھٹ سے چھپ جاتی ہے ۔ سندھ کا مسئلہ ، صوبہ سرحد کا مسئلہ اور بلوچستان کا مسئلہ تو پہلے سے معرکۃ الآرا بنے ہی ہوئے تھے ۔ اب پنجاب کا مسئلہ بھی آہستہ آہستہ سر ابھار رہا ہے ۔ اسعد صاحب کی کتاب گو حنیف رامے کی کتاب کے جواب میں نہیں لکھی گئی ، لیکن وہ محرک ضرور بنی ۔ پنجاب کے مسئلے کو جس شکل میں حنیف رامے صاحب نے پیش کیا ، گیلانی صاحب نے سوچا کہ اس کے بخلاف اسے زیادہ بہتر اور صحیح شکل دینی چاہیے ۔

سو اب کتاب " پنجاب کی آواز " آپ کے سامنے ہے ۔

گیلانی صاحب نے دکھایا ہے کہ پنجاب کو دوسرے صوبوں کے لیے قربانی حقوق دینے والا اور اپنے لیے کوئی حقوق طلب نہ کرنے والا صوبہ ہونے کے باوجود دوسرے صوبوں کے غلط الفکر سیاسی عناصر نے ہمیشہ ظالم اور مجرم ثابت کیا ۔ گیلانی صاحب نے دکھایا ہے کہ پنجاب نے اپنے دوسرے برادر صوبوں اور پاکستان کے لیے کیا کیا قربانیاں دی ہیں اور کیا زیادتیاں برداشت کی ہیں ۔ ضروری معلومات اور اعداد و شمار جمع کرنے کے لیے گیلانی صاحب نے خاص محنت کی ہے ۔

یہ ٹھیک ہے کہ پنجاب پر ہونے والی زیادتیوں یا پنجاب کی محرومیوں کا تذکرہ بطور ایک